
# دُعائے توسّل

مترجم



ملنے کا پتہ

**امامیہ کتب خانہ**

مغل حویلی اندرون موچی دروازہ لاہور


نئے سال کی بہترین کارآمد اور مقبول عام

## اثنا عشری جنتری کلاں

جس میں عیسوی سال کی تاریخوں کے مطابق اسلامی سن ہجری اور سن بکرمی کی مکمل تقویم ،نوروز عالم افروز کا مکمل خاکہ ،تاریخ ہائے سعد ونحس ،قمر در عقرب فہرست تعطیلات کے علاوہ ہر سال نئے موضوعات پر مذہبی ،معاشی ،طبی اور سائنسی عنوانات پر ملک کے مایہ ناز ادیبوں کی تخلیقات اور تحقیقات شامل اشاعت ہوتی ہیں۔تقویم ونجوم ،بارہ برجوں کے حالات ،حضرت امام رضاؑ کی ہدایت کے مطابق ماہانہ حالات ،عملیات وتعویذات جیسے موضوعات پر بھی بہترین معلومات سے مرصع **اثنا عشری جنتری** ہر سال ہزاروں کی تعداد میں طبع ہو کر ہدیہ قارئین ہوتی ہے۔اس کے مستقل قاری اس بات کے شاہد ہیں کہ یہ سب سے بہتر ،کارآمد اور معیاری جنتری ہے۔بہترین رنگین سرورق ،آفسٹ پر دیدہ زیب طباعت وکتابت وعمدہ کاغذ سے مزین ،ضخامت سب سے زیادہ ،قیمت سب سے کم ،اپنے شہر کے قریبی بک سٹال سے خریدیے یا براہ راست ہم سے طلب فرمائیے

**امامیہ کتب خانہ**

مغل حویلی اندرون موچی دروازہ لاہور



Download Shia Urdu & English Books
www.ShiaMultimedia.com

# اسناد دُعائے توسّل

علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں کہ بعض کتب معتبرہ میں محمد ابن بابویہ سے نقل کیا ہے کہ اس دُعائے توسّل کو ائمہ علیہم السّلام سے روایت کیا گیا ہے کہ یہ دُعا جس مقصدِ نیک کے لئے پڑھی جائے تو اس کی قبولیت کا اثر جلدی ظاہر ہوگا۔



# دُعائے توسّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بیحد رحم والا نہایت مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ

خداوندا میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ

اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ

ہوں تیرے نبی کے واسطے کے ساتھ جو نبی رحمت

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم ہیں۔

یَا اَبَا الْقَاسِمِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ یَا

اے ابو القاسم اے خدا کے رسولؐ اے

إمَامَ الرَّحمَةِ یَا سَیِّدَنَا وَ

رحمت کے امام اے ہمارے سردار اور

مَولٰنَا إنَّا تَوَجَّهنَا وَاستَشفَعنَا

اے ہمارے آقا ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپکی سفارش کے طلبگار

وَتَوَسَّلنَا بِكَ إلَى اللهِ وَقَدَّمنَاكَ

ہیں اور وسیلہ گردانتے ہیں آپ کو اللہ کی طرف اور ہم نے آپ کو

بَینَ یَدَی حَاجَاتِنَا یَا وَجِیهًا

اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا اے خدا کے نزدیک

عِندَ اللهِ اِشفَع لَنَا عِندَ اللهِ یَا

صاحب عزت ہمارے واسطے شفاعت کیجئے۔ اے

أبَا الحَسَنِ یَا أمِیرَ المُؤمِنِینَ

ابو الحسنؑ اے مومنوں کے امیر



یَا عَلِیَّ بنَ أبِی طَالِبٍ یَا حُجَّةَ

اے علیؑ ابن ابی طالب اے مخلوق پر

اللهِ عَلٰی خَلقِهِ یَا سَیِّدَنَا وَ

خدا کی حجت۔ اے ہمارے سردار اور

مَولٰنَا إنَّا تَوَجَّهنَا وَاستَشفَعنَا

ہمارے آقا ہم یقین کے ساتھ آپکی خدمت میں حاضر آپکی طرف متوجہ

وَتَوَسَّلنَا بِكَ إلَى اللهِ وَقَدَّمنَاكَ

اور آپ کی سفارش کے طلبگار ہیں اور آپ کو اللہ کی طرف پہنچنے

بَینَ یَدَی حَاجَاتِنَا یَا وَجِیهًا

کا ہم نے وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا اے خدا

عِندَ اللهِ اِشفَع لَنَا عِندَ اللهِ یَا

کے نزدیک صاحب عزت خدا کے حضور میں ہماری شفاعت کیجیے اے

فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ يَابِنْتَ مُحَمَّدٍ

فاطمہؑ زہرا اے محمدؐ کی بیٹی

يَاقُرَّةَ عَيْنِ الرَّسُوْلِ يَاسَيِّدَتَنَا

اے رسولؐ کی آنکھ کی ٹھنڈک اے ہماری سردار

وَمَوْلاَتَنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

اور اے ہماری مخدومہ ہم یقین کے ساتھ آپ کی طرف متوجہ

وَتَوَسَّلْنَا بِكِ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكِ

اور آپ کی سفارش کے طلبگار رہیں اور آپ کو ہم نے خدا تک حاضری

بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَاوَجِيْهَةً

کے لئے وسیلہ بنایا ہے اور آپ کو ہم نے اپنی حاجتوں سے باخبر

عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعِيْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ

کردیا اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت خدا کے حضور میں ہماری شفاعت کیجئے



يَا اَبَا مُحَمَّدٍ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ

اے ابا محمدؐ اے حسنؑ بن علیؑ اے

اَيُّهَا الْمُجْتَبٰى يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

برگزیدہ خدا اے رسولؐ خدا کے فرزند

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا

اے مخلوق پر خدا کی حجت۔ اے ہمارے

سَيِّدَنَا وَمَوْلٰنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

سردار اور ہمارے آقا ہم یقین کے ساتھ آپکی طرف

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى

متوجہ ہوئے اور آپکی شفاعت کے طلبگار رہیں اور ہم نے آپکو خدا تک پہنچنے

اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

کے لیے وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر

حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ

کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحب عزت خدا کے

اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

حضور میں ہماری شفاعت کیجیے اے ابا عبد اللہ

یَا حُسَیْنَ بْنَ عَلِیٍّ اَیُّهَا الشَّهِیْدُ

اے حسینؑ ابن علیؑ اے شہید

یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے رسولؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر خدا کی

عَلٰی خَلْقِهٖ یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا

حجت۔ اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا

اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا

ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپ کی سفارش کے طلبگار ہیں اور ہم نے



بِكَ اِلَی اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَیْنَ

اللہ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور آپ کو ہم نے اپنی حاجتوں سے

یَدَیْ حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا عِنْدَ

باخبر کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحب عزت

اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ یَا اَبَا

خدا کے حضور میں ہماری شفاعت کیجیے۔ اے

الْحَسَنِ یَا عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ

ابوالحسنؑ اے علیؑ ابن حسینؑ

یَا زَیْنَ الْعَابِدِیْنَ یَا بْنَ رَسُوْلِ

اے زین العابدینؑ اے رسولؐ خدا کے

اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰی خَلْقِهٖ

فرزند اے مخلوق پر خدا کی حجت

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰينَا إِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے ہمارے سرداراور اے ہمارے مولا ہم نے آپکی طرف رخ

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ إِلَى

کیا اور آپ کی سفارش کے طلبگار رہیں اور ہم نے آپ کو خدا تک

اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ

پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ

کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت خدا

اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا أَبَا جَعْفَرٍ

کے حضور میں ہماری سفارش کیجئے اے ابا جعفرؑ

يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ أَيُّهَا الْبَاقِرُ

اے محمدؐ ابنِ علیؑ اے باقرؑ



يَا بْنَ رَسُولِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ

اے رسولِؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر

اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهِ يَا سَيِّدَنَا وَ

خدا کی حجت۔ اے ہمارے سردار اور

مَوْلٰينَا إِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

ہمارے مولا ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپ کے سفارش کے

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ إِلَى اللّٰهِ وَ

طلبگار رہیں اور ہم نے آپ کو اللہ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور

قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَىْ حَاجَاتِنَا

ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا

يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا

اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت خدا کے حضور میں ہماری

عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا

شفاعت کیجئے اے ابا عبداللہ اے

جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الصَّادِقُ

جعفرؑ ابن محمدؐ اے صادقؑ

يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ

اے رسولؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر

اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ

خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور

مَوْلٰينَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

ہمارے آقا ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپکی سفارش کے

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ

طلبگار ہیں اور ہم نے آپ کو اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور



قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا

ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا

يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا

اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت خدا کے حضور میں ہماری

عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا مُوْسٰى

شفاعت کیجئے اے ابوالحسنؑ اے موسیٰؑ

بْنَ جَعْفَرٍ اَيُّهَا الْكَاظِمُ يَا بْنَ

ابن جعفرؑ اے کاظمؑ اے

رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى

رسولؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر خدا کی حجت

خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰينَا اِنَّا

اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا ہم نے

تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا

آپ کی طرف رُخ کیا اور آپ کی سفارش کے طلبگار ہیں اور ہم نے

بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ

آپ کو اللہ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو

يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيْهًا عِنْدَ

اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحبِ

اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا

عزت خدا کے حضور میں ہماری سفارش کیجئے اے

الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى اَيُّهَا

ابوالحسنؑ اے علیؑ ابن موسیٰؑ اے

الرِّضَا يَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ

رضاؑ اے رسولؐ خدا کے فرزند اے



اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَ

مخلوق پر خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور

مَوْلٰـنَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا

ہمارے آقا ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپ کی سفارش

وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ

کے طلبگار ہیں اور ہم نے آپ کو اللہ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور

قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا

ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا

يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا

اے خدا کے نزدیک صاحب عزت اللہ کے حضور میں ہماری

عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا جَعْفَرٍ يَا مُحَمَّدَ

شفاعت کیجئے اے ابا جعفرؑ اے محمدؑ

بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا التَّقِيُّ الْجَوَادُ

ابنِ علیؑ اے تقیؑ صاحبِ بخشش

يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے رسولِؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر

عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰينَا

خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا

اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَ اسْتَشْفَعْنَا وَ

ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپ کی سفارش کے طلبگار ہیں

تَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَ

اور ہم نے آپ کو اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور

قَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ حَاجَاتِنَا

ہم نے آپکو اپنی حاجتوں سے باخبر کر دیا



يَا وَجِيْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا

اے خدا کے نزدیک صاحبِ عزت اللہ کے حضور میں ہماری

عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ

سفارش کیجئے اے ابوالحسنؑ اے علیؑ

بْنَ مُحَمَّدٍ اَيُّهَا الْهَادِي النَّقِيُّ

بن محمدؑ اے رہبری کرنے والے۔ اے نقیؑ

يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے رسولِؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر خدا

عَلٰى خَلْقِهٖ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰينَا

کی حجت اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا

اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا

ہم نے آپ کی طرف رُخ کیا اور آپکی سفارش کے طلبگار ہیں اور ہم نے

بِكَ اِلَى اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ

آپ کو اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو اپنی

يَدَيْ حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ

حاجتوں سے باخبر کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحب عزت

اللّٰهِ اشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا اَبَا

اللہ کے حضور میں ہماری شفاعت کیجئے اے ابا

مُحَمَّدٍ يَا حَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ اَيُّهَا

محمدؐ اے حسنؑ ابن علیؑ اے

الزَّكِيُّ الْعَسْكَرِيُّ يَا بْنَ رَسُولِ

زکی عسکریؑ اے رسولؐ خدا کے

اللّٰهِ يَا حُجَّةَ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهِ

فرزند اے مخلوق پر خدا کی حجت



يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلٰينَا اِنَّا تَوَجَّهْنَا

اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا ہم نے آپ کی طرف رخ کیا

وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا بِكَ اِلَى

اور آپ کی سفارش کے طلبگار ہیں اور ہم نے آپکو اللہ تک پہنچنے کا

اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ بَيْنَ يَدَيْ

وسیلہ بنایا اور ہم نے اپنی حاجتوں سے آپ کو باخبر

حَاجَاتِنَا يَا وَجِيهًا عِنْدَ اللّٰهِ

کر دیا اے خدا کے نزدیک صاحب عزت خدا کے

اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ يَا وَصِيَّ

حضور میں ہماری شفاعت کیجئے اے جانشین

الْحَسَنِ وَالْخَلَفَ الْحُجَّةَ اَيُّهَا

حسنؑ اور خلف حجتؑ اے

# اَلْقَآئِمُ الْمُنْتَظَرُ الْمَهْدِیُّ

قائمؑ انتظار کیے گئے مہدیؑ

# یَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ

اے رسولؐ خدا کے فرزند اے مخلوق پر

# عَلٰی خَلْقِهٖ یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلٰنَا

خدا کی حجت اے ہمارے سردار اور ہمارے آقا

# اِنَّا تَوَجَّهْنَا وَاسْتَشْفَعْنَا وَتَوَسَّلْنَا

ہم نے آپکی طرف رُخ کیا اور آپکی سفارش کے طلبگار ہیں اور ہم نے

# بِكَ اِلَی اللّٰهِ وَقَدَّمْنَاكَ

آپ کو اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ بنایا اور ہم نے آپ کو اپنی حاجتوں

# بَیْنَ یَدَیْ حَاجَاتِنَا یَا وَجِیْهًا

سے باخبر کر دیا۔ اے اللہ کے



# عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ ط

نزدیک صاحبِ عزت خدا کے حضور میں ہماری شفاعت کیجیے۔

## پھر اپنی حاجتوں کو طلب کر انشاء اللہ پوری ہونگی

## تمّت بالخیر


## خزینة الوظائف

مؤلفہ جناب الحاج علّامہ سیّد عبدالواحد صاحب رضوی مشہدی کربلائی

اس میں واجب اور سُنّتی نمازوں کا بیان۔ تعقیبات نماز ہائے واجب۔ سال کے مخصوص ایّام کے اعمال۔ خواص آیاتِ قرآنی۔ تعویذات۔ مستند دُعائیں۔ زیاراتِ مقاماتِ مقدّسہ چہاردہ معصومین علیہم السلام۔ غرض حصولِ مقاصد دینی و دُنیاوی کا ایک نادر خزینہ ہے۔ حلِ مشکلات کے لئے اس نایاب کتاب کا ہر محبّ اہل بیت کے گھر میں موجود ہونا باعثِ صد برکت ہے۔ سائز تقریباً سوا پانچ انچ X سوا چار انچ۔ ضخامت ۲۲۴ صفحات۔ آفسٹ چھپائی۔ ہدیہ مناسب

ملنے کا پتہ

**امامیہ کتب خانہ** مغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ لاہور

# مناجات بارگاہِ پروردگار

بارِ الٰہی بن کے سوالی تیرے حضور
دامن میں اپنے لائے ہیں بے انتہا قصور
لیکن ہمارے سینوں پہ ماتم کا دیکھ نُور
اپنے نبی کے صدقے میں تو بخشے گا ضرور

**یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

مولا علیؑ کا ربِ جہاں تجھ کو واسطہ
یارب برائے فاطمہؑ صدیقہ طاہرہ
دے علم اور رزق کا ساغر بھرا ہوا
ٹوٹے نہ نعمتوں کا میرے گھر سے سلسلہ

**یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**



مالک امام حسنؑ کا ہے تجھ کو واسطہ
جس کے لہو سے کرب وبلا کی ہے ابتداء
ہاں اُس امامِ امن کے صدقے میں کبریا
اس ملک میں ہو امن کا پرچم کھلا ہوا

**یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

اب واسطہ حسین علیہ السلام کا
پروردگار صبرِ شہِ تشنہ کام کا
جس کے لبوں پہ ورد تھا تیرے ہی نام کا
خنجر تلے جو قاری تھا تیرے کلام کا

**یَا وَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

یارب تو میری ہستی کو ایسا سنوار دے
تو اپنی رحمتوں سے میرا گھر نکھار دے
سجادؑ کا تو صدقہ اے پروردگار دے
بیمار کو شفائے مکمل قرار دے

**یَاوَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

مالک امام باقرؑ و جعفرؑ کا واسطہ
مجلس میں مَیں حسینؑ کی کرتا ہوں یہ دُعا
دونوں کا واسطہ تجھے دیتا ہوں اے خدا
مقروض جو ہیں غیب سے کر ان کا قرض ادا

**یَاوَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**



یارب برائے موسیٰ کاظمؑ۔ علی رضاؑ
مشہد میں اور نجف میں ہیں جو قبلہء دُعا
تو ان کے واسطے سے وہ اولاد کر عطا
ماں باپ جن سے شاد ہوں جن کی ہو یہ صدا

**یَاوَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

یارب برائے مولا نقیؑ تقویٰء تقیؑ
دے جذبہ جہاد بصد شانِ عسکریؑ
مہدیؑ کا بھی ظہور دکھا دے اسی صدی
تیرے حضور میری دُعا ہے یہ آخری

**یَاوَجِیْهًا عِنْدَ اللّٰهِ اِشْفَعْ لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ**

# منظوم دعائے توسّل

یا ربّ تجھے نبیؐ کی نبوت کا واسطہ
یاربّ تجھے علیؑ کی ولایت کا واسطہ

یاربّ تجھے بتولؑ کی عصمت کا واسطہ
یا ربّ تجھے حسنؑ کی امامت کا واسطہ

مظلومِ کربلاؑ کی شہادت کا واسطہ
بیمارِ کربلاؑ کی عبادت کا واسطہ

باقرؑ کے علم وحلم کی وسعت کا واسطہ
صادقؑ کے پاک دل کی صداقت کا واسطہ

کاظمؑ کے صبر اور شہامت کا واسطہ
یاربّ تجھے رضاؑ کی رضایت کا واسطہ

یا ربّ تجھے تقیؑ کی تقاوت کا واسطہ
یا ربّ تجھے نقیؑ کی نقاوت کا واسطہ

معصوم عسکریؑ کی شرافت کا واسطہ
یاربّ امامِ عصرؑ کی غیبت کا واسطہ

چودہؑ کے فیض سے میری حاجت روائی کر
پروردگارا! تو میری مشکل کشائی کر

نتیجۂ فکر: مولانا حسن رضا غدیری



# دُعا

اے ربّ جہاں پنجتنؑ پاک کے خالق　　اس قوم کا دامن غمِ شبیرؑ سے بھر دے
بچّوں کو عطا کر علی اصغرؑ کا تبسم　　بوڑھوں کو حبیبؑ ابنِ مظاہر کی نظر دے
کم سن کو ملے ولولۂ عونؑ و محمدؑ　　ہر ایک جواں کو علی اکبرؑ کا جگر دے
ماؤں کو سکھا ثانیٔ زہراؑ کا سلیقہ　　بہنوں کو سکینہؑ کی دُعاؤں کا اثر دے
جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مَولا!　　محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے
مَولا! تجھے زینبؑ کی اسیری کی قسم ہے　　بے جُرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے
مُفلِس پہ زر ولعل و جواہر کی ہو بارش　　مقروض کا ہر قرض اَدا غیب سے کر دے
جو دین کے کام آئے وہ اَولاد عطا کر　　جو مجلسِ شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے
مولا! تجھے بیماریٔ عابدؑ کی قسم ہے　　بیمار کی راتوں کو شفایاب سحر دے
جاتی ہے اگر جان تو بے شک چلی جائے　　عباسؑ کے پرچم پہ مگر آنچ نہ آئے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غمِ شبیرؑ
شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو اِدھر دے

# نمازِ وحشتِ قبر

میّت کے دفن کی رات میّت کے لئے دو رکعت نماز پڑھنی ہوتی ہے اِسے نمازِ وحشتِ قبر کہتے ہیں۔ یہ مغرب کی نماز کے بعد سے لیکر طلوعِ فجر تک پڑھ سکتے ہیں۔ اِن دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ اِنَّا اَنزَلنَاہ پڑھیں جب سلام دے چکے تو یہ کہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَابعَث ثَوَابَھَا اِلٰی قَبرِ

فلاں لفظ فلاں کی جگہ میّت کا نام لے۔



# نمازِ مغفرتِ والدین

حضرت امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ والدین کی زندگی میں بیٹا نیک اور فرماں بردار ہوتا ہے مگر ان کے مرنے کے بعد اپنے دینی و دنیاوی حقوق ادا نہیں کرتا اور ماں باپ کے واسطے طالبِ مغفرت نہیں ہوتا تو اللہ تعالیٰ اسکو عاق تحریر فرما دیتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ فرزند والدین کی زندگی میں نافرمان ہوتا ہے مگر ان کی وفات کے بعد وُہ ان کی طرف سے حقوق ادا کرتا ہے اور ان کے لئے خدا سے مغفرت طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے والدین کا فرماں بردار اور ان کے متعلق اس کو نیکو کار تحریر فرماتا ہے۔ پس ضروری

ہے کہ اعمالِ صالح اختیار کرو اور کم از کم ہر شب
جمعہ والدین کے لئے دو رکعت نمازِ مغفرت
پڑھیں۔

**طریقہ:** پہلی رکعت میں ایک بار سورۂ حمد اور
دس مرتبہ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ
وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ
اور دوسری رکعت میں ایک بار سورۂ حمد اور
دس مرتبہ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ
وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّ
لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پڑھیں



اور بعد سلام دس مرتبہ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا
رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا۔

# دُعا

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلٰى اَهْلِ الْقُبُوْرِ
السُّرُوْرَ اَللّٰهُمَّ اَغْنِ كُلَّ فَقِيْرٍ
اَللّٰهُمَّ اَشْبِعْ كُلَّ جَائِعٍ اَللّٰهُمَّ
اَكْسُ كُلَّ عُرْيَانٍ اَللّٰهُمَّ اقْضِ
دَيْنَ كُلِّ مَدِيْنٍ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ
كُلِّ مَكْرُوْبٍ اَللّٰهُمَّ رُدَّ كُلَّ

غَرِيبٍ اَللّٰهُمَّ فُكَّ كُلَّ اَسِيرٍ
اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ كُلَّ فَاسِدٍ مِّنْ
اُمُورِ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اشْفِ
كُلَّ مَرِيضٍ اَللّٰهُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا
بِغِنَاكَ اَللّٰهُمَّ غَيِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا
بِحُسْنِ حَالِكَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ عَنَّا
الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ اِنَّكَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

**نوٹ:** رمضان المبارک کے علاوہ بھی یہ دُعا ہر فرض نماز کے بعد پڑھ سکتے ہیں۔